# کتابچہ برائے صارفین

## سماجی کاروبار کے فروغ کی تربیت

لائٹ ایف (Light-F) پروجیکٹ

2022

## فہرست

.1آلہٰ برائے تربیت کی تشکیل کا پس منظر ........................................................ 3

.2جائزہ ........................................................................................ 3

• مقصد ........................................................................................ 3

• مطلوبہ صارفین ............................................................................ 4

• آلہٰ برائے تربیت کے مشمولات یا فہرست ............................................ 4

ضمنی یا اضافی ویڈیو ....................................................................... 5

.3سیکھنے کے شرائط و ضوابط ........................................................... 5

سہولت ........................................................................................ 5

تدریسی مواد اور مواد (سامان) ......................................................... 6

کوئی اور شرائط و ضوابط ................................................................. 6

.4مطلوبہ وقت (سیکھنے کا معیاری شیڈول ) ......................................... 6

.5سپورٹ سسٹم یا مدافعتی نظام ......................................................... 7

.6اکثر پوچھے جانے والے سوال (FAQ) ............................................... 7

## 1. آلہ برائے تربیت کی تشکیل کا پس منظر

لائٹ ایف کے ایک حصے کے طور پر "صوبہ سندھ میں غیر رسمی اقتصادی شعبے میں معاش کے لیے اپنے گھر پر کام کرنے والی خواتین کی زندگی میں بہتری اور فلاح و بہبود کا منصوبہ" سندھ حکومت کے وومن ڈولپمنٹ ڈپارٹمنٹ (Women Development Department) کے ذریعے اور جاپان انٹرنیشنل کوآپریشن ایجنسی جائیکا (JICA) کے تعاون سے لاگو کیا گیا، ایک ایسا تربیتی نظام جس کا مقصد تعلیم یافتہ نوجوانوں اور پاکستان میں خواتین کے لیے معاش کی بہتری کے منصوبوں پر کام کرنے والوں کارکنان میں سماجی کاروبار کو بڑھاوا دینا تھا۔ اس سے دی جانے والی ٹریننگ مارکیٹنگ کے اہم تصورات پر مشتمل ہے، جیسے کہ مارکیٹنگ مکس (جسے 4Ps بھی کہا جاتا ہے) اور اس کے ساتھ مارکیٹنگ کی حکمت عملی (عام طور پر STP یا **دائرہ بندی** یعنی طبقات، **پوزیشننگ** اور **ہدف بندی** یعنی مطلوبہ گاہک کے لحاظ سے بیان کی جاتی ہے)۔

## 2. جائزہ

سماجی کاروبار کے فروغ کی تربیت کا مقصد کسی بھی پس منظر کے حامل صارفین کو سماجی کاروبار اور اسے فروغ دینے کے لیے جدید طریقوں کی اچھی سمجھ حاصل کرنے میں مدد کرنا ہے۔ یہ تربیتی مواد عام طور پر مروجہ مارکیٹنگ کے اصولوں اور سماجی کاروبار سے متعلق تصورات پر مبنی ہے۔

- مقصد

اس کا مقصد صارفین کو سماجی کاروبار کو کاروبار کی ایک خاص شکل کے طور پر سمجھنے میں مدد فراہم کرنا ہے جو سماجی اہداف پر مرکوز ہے، لیکن اس کا تعلق منافع سے بھی ہے۔ کاروبار میں منافع کمانے کے ایک ذریعہ کے طور پر مارکیٹنگ کے اہم اصولوں کی وضاحت بھی اس کتابچہ کا مقصد ہے۔

## • مطلوبہ صارفین

یہ تربیت تقریباً 10 سے 12 سال کی تعلیم کے حامل طلباء کے لیے تیار کی گئی تھی جو فی الحال اعلیٰ تعلیم کے انسٹی ٹیوٹ (یونیورسٹی) یا ووکیشنل کالج میں زیر تعلیم ہیں یا کم آمدنی والی خواتین کی مدد کرنے والی کسی بھی تنظیم کے لیے کام کر رہے ہیں۔

یہ صارفین باقی دنیا کے ساتھ اچھی طرح سے واقف ہیں اور اپنے پسماندہ علاقوں اور مقامی کمیونٹیز میں زندگی کی حقیقت کے ساتھ بھی اچھی طرح سے جڑے ہوئے ہیں۔

یہ توقع کی جاتی ہے، اور ساتھ ہی ارادہ بھی، کہ وہ خاص طور پر لائٹ ایف کے منصوبے کے دوران سیکھے گئے اسباق سے معاش کے لیے اپنے گھر پر کام کرنے والی خواتین (FHBWs) کی زندگیوں اور چیلنجوں کے بارے میں حساس ہوں گی، جو اس ٹول کٹ میں کیس اسٹڈی کے طور پر کام کرتا ہے۔

## • آلہٰ برائے تربیت کے مشمولات یا فہرست

تربیت میں آن لائن لرننگ مینجمنٹ سسٹم (LMS) کا استعمال کیا گیا یعنی آن لائن سیکھنے کا انتظام کیا گیا ہے۔ تربیتی نصاب ایک سادہ لیکن جامع انداز میں تمام شعبوں کا احاطہ کرتا ہے، جسے درج ذیل ماڈیولز (موضوعات) میں تقسیم کیا گیا ہے:

1. لائٹ ایف پر ابتدائی نقطہ نظر یا زاویہ
2. سماجی کاروبار کا تعارف - تصور اور مثالیں۔
3. سماجی کاروبار کے لیے ماحول
4. سماجی کاروبار کے لیے مارکیٹنگ مکس (مارکیٹنگ کے بنیادی عناصر)
5. سماجی کاروبار کے لیے مارکیٹنگ کی حکمت عملی

تربیتی نشست کے طلباء کو مختلف تربیتی موضوعات سے گزرتے ہوئے سماجی کاروباری آئیڈیا کا تصور بنانے کا چیلنج دیا جاتا ہے۔ یہ ترقی پسند مشق انہیں مارکیٹنگ مکس اور مارکیٹنگ کی حکمت عملی کے مختلف پہلوؤں کا تجربہ کرنے کے قابل بناتی ہے۔

سماجی کاروبار کے لیے مالیاتی منصوبہ بندی میں طلبہ کی رہنمائی کے لیے اضافی عنوانات فراہم کیے گئے ہیں۔

## ضمنی یا اضافی ویڈیو

تربیت کا ایک اہم پہلو حقیقت پر بنائی گئی فلم یا ویڈیو ہے جسے پیشہ ورانہ طور پر معاش کے لیے اپنے گھر پر کام کرنے والی خواتین کی زندگیوں کو بصری طور پر ریکارڈ کرنے کے لیے تیار کیا گیا تھا۔ ویڈیو میں پروجیکٹ کے مختلف اسٹیک ہولڈرز کو دکھایا گیا ہے، جس میں مختلف سماجی مشکلات اور پروجیکٹ کے دوران ان کی پیش رفت پر تبادلہ خیال کیا گیا ہے۔

## 3. سیکھنے کے شرائط وضوابط

سماجی کاروبار کے فروغ کی تربیت میں آن لائن تربیت شامل ہے۔ طلباء کو انٹرنیٹ کنکشن کے ساتھ ذاتی کمپیوٹر استعمال کرنے کی ضرورت ہوتی ہے۔

- سہولت

آن لائن ٹریننگ لرننگ مینجمنٹ سسٹم (LMS)، تھنکیفک (www.thinkific.com) کے ذریعے پیش کی جاتی ہے۔

یہ کورس بالکل مفت فراہم کیا گیا ہے، اور کسی بھی صارف کو صرف ایک آگہی لیکچر (اورینٹیشن لیکچر) دیکھنے کی ضرورت ہے جو کہ بنیادی طور پر غیر مطابقت پذیر ہے۔ اورینٹیشن لیکچر سننے کے بعد طلباء آن لائن ٹریننگ لینے کے لیے بہتر طور پر تیار ہوں گے۔

آن لائن ٹریننگ کے لیے، طالب علم کو ویب سائٹ

https://socialbusinesspromotion.thinkific.com پر جا کر آن لائن پلیٹ فارم پر لاگ ان کرنے کی ضرورت ہے۔ اس لنک پر آنے والے کسی بھی طالب علم کو پہلی بار رجسٹر ہونے کی صورت

میں لاگ ان بنانے کے لیے کہا جائے گا یا پلیٹ فارم پر واپس آنے کی صورت میں لاگ ان کر سکتے ہیں۔
کوئی بھی پیش رفت خود بخود محفوظ ہو جاتی ہے، اور طالب علم کو ایک ماہ کی مدت کے اندر آن لائن کورس مکمل کرنا ہوتا ہے۔
اگر کوئی طالب علم دو (2) مہینوں میں کورس مکمل کرنے میں کامیاب نہ ہو سکے، تو اسے کورس دوبارہ شروع کرنا ہو گا۔

- تدریسی مواد اور مواد (سامان)

تدریسی مواد بنیادی طور پر سماجی کاروبار کے فروغ کی کتابچہ کے شکل میں ہوتا ہے جو سسٹم میں اپ لوڈ ہوتا ہے اور LMS کے اندر سے آسانی سے حاصل کیا جا سکتا ہے۔
دیگر تمام لیکچرز کے ساتھ ساتھ کوئزز یعنی امتحان اور دیگر سرگرمیاں بھی LMS میں شامل ہیں۔

- دیگر شرائط و ضوابط

LMS پر انٹرنیٹ اور موبائل آلات (Devices) کے ذریعے کسی جگہ بھی آسانی سے رسائی حاصل کی جا سکتی ہے۔ LMS پلیٹ فارم میں کوئی بھی بہتری تربیتی طلباء کے لیے بغیر کسی رکاوٹ کے دستیاب ہو گی۔

## 4. مطلوبہ وقت (سیکھنے کا معیاری شیڈول)

سیکھنے کا شیڈول یا ترتیب کار جان بوجھ کر غیر محدود رکھا گیا تھا۔ تاہم، اس بات کو یقینی بنانے کے لیے کہ طلباء کو کورس مکمل کرنے کے لیے حوصلہ افزائی ملتی رہے، یہ تجویز ہے کہ ایک ماہ کی وقت کو باقاعدہ کورس کی مدت کے طور پر برقرار رکھا جائے۔ طلباء کو ایک ماہ کے اندر تربیت مکمل کرنی ہو گی۔

اگر انہیں حقیقی دشواری کا سامنا کرنا پڑتا ہے (متعلقہ عملے کی طرف سے معلوم کیا جائیگا)، تو انہیں توسیع دی جا سکتی ہے۔ بصورت دیگر، انہیں کورس میں دوبارہ شامل ہونا پڑے گا۔

## 5. سپورٹ سسٹم یا مدافعتی نظام

LMS ایک خود ساختہ اندراج کا نظام ہے یعنی طلباء اپنے آپ کو خود رجسٹر کروا سکتے ہیں۔ تمام مشمولات کو سمجھنا آسان ہے، اور اس طرح، کسی تعاون کی ضرورت نہیں ہے۔ تاہم، شرکت کرنے والے طلباء کے کام کی تکمیل کا جائزہ لینے کے لیے، ایک پندرہ روزہ جائزہ مددگار ثابت ہو سکتا ہے۔

اس جائزے کے دوران، نامزد عملہ مندرجہ زیل عوامل کر سکتا ہے۔

- تربیت سے وابستہ ای میل (E-Mail) اکاؤنٹ کو چیک کرنا اور کسی بھی سوال کا جواب دینا۔
- سسٹم میں داخل ہونے والے اضافی طلباء کا جائزہ لینا اور ان کی پیشرفت کو دیکھنا
- اس بات کو یقینی بنانا کہ طلباء نے مہینے کے آخری حصے کے تربیتی ہدف کو حاصل کرنے کی طرف مناسب طریقے سے پیشرفت کی ہے۔

ہر ماہ طلباء کی ایک خاص تعداد کی تکمیل کے بعد، معاون عملہ کی طرف سے ایک سرٹیفکیٹ جاری کیا جاتا ہے۔ سرٹیفکیٹ معیاری ٹیمپلیٹ کا استعمال کرتے ہوئے تیار کیا جاتا ہے، اور طالب علم کے نام پر سرٹیفکیٹ جاری کرنے کے لیے صرف اس کا نام تبدیل کرنا ضروری ہے۔

## 6. اکثر پوچھے جانے والے سوال (FAQ)

### 1. کیا آن لائن کورس میں شرکت کی کوئی کھلی یا پوشیدہ قیمت ہے؟

جواب: آن لائن کورس میں شرکت کے لیے کوئی ظاہر یا پوشیدہ قیمت نہیں ہے۔ تمام سرگرمیاں مکمل طور پر مفت ہیں۔ تاہم، طلباء کو چاہئیے کے پروگرام سے مانوس ہونے کے لیے واقفیاتی ویڈیو (اورینٹیشن ویڈیو) کو دیکھیں اور صرف حقیقی دلچسپی کی صورت میں آن لائن کورس کے لیے رجسٹر ہوں۔

### 2. کورس مکمل کرنے والے طلباء کو کس قسم کی فنڈنگ (اعانت) فراہم کی جائے گی؟

جواب: یہ کورس لائٹ ایف (LIGHT-F) پروجیکٹ کے تحت تیار کیا گیا ہے اور اس کا انتظام وومن ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ (WDD) حکومت سندھ کرتا ہے۔ وہ سماجی کاروباری خیال کے لیے کوئی فنڈ یا اعانت فراہم نہیں کریں گے۔ تاہم، طالب علموں کی مسلسل حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ وہ اپنے کام کو اجاگر کرنے اور مناسب فنڈنگ اور مدد حاصل کرنے کے لیے مختلف کاروباری آئیڈیاز کے مقابلوں میں حصہ لیں۔

### 3. کیا مجھے تربیت مکمل کرنے کے لیے کسی کیمپس یا دفتر کا دورہ کرنا ہوگا؟

جواب: نہیں، تربیت اور سیکھنے کا عمل مکمل طور پر آن لائن ہے، اور کسی کیمپس یا دفتر کے دورے کی ضرورت نہیں ہے۔

### 4. آن لائن کورس مکمل کرنے کے لیے کس چیز کی ضرورت ہے؟

جواب: تمام لیکچرز کو صحیح طریقے سے سننا اور تمام تفویض کردہ سرگرمیاں دی گئی ترتیب میں کرنا کورس کو مکمل کرنے کا ایک آسان طریقہ ہے۔ کوئز (امتحان) اور اسائنمنٹ (گھر کا کام) اس بات کو یقینی بناتے ہیں کہ طالب علم تربیت میں حقیقی طور پر حصہ لے رہا ہے۔